PRESS RELEASE

آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن

پریس ریلیز

مورخہ : 05 جنوری 2026

آزاد جموں وکشمیر کونسل (الیکشن) ایکٹ 1976ء کی دفعہ A-26 ذیلی دفعہ (1) اور آزاد جموں وکشمیر الیکشنز ایکٹ 2020ء کی دفعہ 78 ذیلی دفعہ (4) کی منشاء کے مطابق ہر ممبر آزاد جموں وکشمیر کونسل اور ممبر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی پر لازم ہے کہ وہ ہر سال 30 جون سے پہلے کے اپنے اثاثہ جات اور اپنے زیر کفالت بیوی بچوں کی تفصیل اسی سال 31 دسمبر سے قبل بمطابق نمونہ اسٹام پیپر پر مرتب کرتے ہوئے الیکشن کمیشن میں جمع کروائے۔ بصورت دیگر ایسے ممبران کشمیر کونسل اور قانون ساز اسمبلی جن کے اثاثہ جات کی تفصیل جمع نہ ہوئی ہے تو ان کے نام بمطابق آزاد جموں وکشمیر کونسل (الیکشن) ایکٹ 1976ء کی دفعہ A-26 ذیلی دفعہ (1) اور آزاد جموں وکشمیر الیکشنز ایکٹ 2020 کی دفعہ 78 کی ذیلی دفعہ (5) کی منشاء کے مطابق یکم جنوری بذریعہ پریس ریلیز شائع کر دیئے جائیں گے۔ اراکین کی تفصیل بذیل ہے۔

نمبر شمار	نام معزز ممبر اسمبلی	نام حلقہ
.1	جناب چوہدری قاسم مجید	ایل اے-2 میرپور-2
.2	جناب ظفر اقبال ملک	ایل اے-8 کوٹلی-1
.3	جناب چوہدری جاوید اقبال بڈھانوی	ایل اے-9 کوٹلی-2
.4	جناب چوہدری محمد اخلاق	ایل اے-11 کوٹلی-4
.5	جناب سردار عتیق احمد خان	ایل اے-14 باغ-1
.6	جناب ضیاء القمر	ایل اے-15 باغ-2
.7	جناب راجہ فیصل ممتاز راٹھور	ایل اے-17 باغ-4 (حویلی)
.8	جناب سردار عبدالقیوم نیازی	ایل اے-18 پونچھ وسدھنوتی-1
.9	محترمہ شاہدہ صغیر	ایل اے-22 پونچھ وسدھنوتی-5
.10	جناب سردار محمد حسین خان	ایل اے-23 پونچھ وسدھنوتی-6
.11	جناب شاہ غلام قادر	ایل اے-25 نیلم-1
.12	جناب میاں عبدالوحید	ایل اے-26 نیلم-2
.13	جناب سردار محمد جاوید ایوب	ایل اے-27 مظفر آباد-1
.14	جناب چوہدری محمد رشید	ایل اے-30 مظفر آباد-4
.15	جناب چوہدری لطیف اکبر	ایل اے-31 مظفر آباد-5
.16	جناب راجہ فاروق حیدر خان	ایل اے-32 مظفر آباد-6 (جہلم ویلی)
.17	جناب ریاض احمد	ایل اے-34 جموں-1
.18	جناب چوہدری محمد اسماعیل	ایل اے-35 جموں-2
.19	جناب حافظ حامد رضا	ایل اے-36 جموں-3
.20	جناب محمد اکمل سرگالہ	ایل اے-37 جموں-4
.21	جناب محمد اکبر چوہدری	ایل اے-38 جموں-5
.22	جناب راجہ محمد صدیق	ایل اے-39 جموں-6
.23	جناب عامر غفار لون	ایل اے-40 ویلی-1
.24	جناب غلام محی الدین دیوان	ایل اے-41 ویلی-2
.25	جناب محمد عاصم شرید	ایل اے-42-ویلی-3

PRESS RELEASE

(مخصوص نشست ہا برائے قانون ساز اسمبلی)

نمبر شمار	نام ممبر اسمبلی	نشست
.1	جناب محمد مظہر سعید	علماء مشائخ
.2	جناب محمد اقبال	اورسیز پاکستانی

(اراکین کشمیر کونسل)

نمبر شمار	نام ممبر کشمیر کونسل	نشست
.1	جناب خواجہ طارق سعید	کشمیر کونسل

لہٰذا بتقاضا قانون درج بالا معزز ممبران کے نام آزاد جموں وکشمیر کونسل (الیکشن) ایکٹ 1976ء کی دفعہ A-26 ذیلی دفعہ (2) اور آزاد جموں وکشمیر الیکشنز ایکٹ کی دفعہ 78 کی ذیلی دفعہ (5) کے تحت شائع کئے جارہے ہیں مورخہ 15 جنوری 2026 تک ان ممبران کی جانب سے اثاثہ جات کی تفصیل داخل نہ ہونے کی صورت میں متذکرہ بالا ایکٹ کی دفعہ A-26 کی ذیلی دفعہ (3) اور دفعہ 78 ذیلی دفعہ (6) کے تحت ان کی رُکنیت معطل ہو سکتی ہے جو کہ اثاثہ جات جمع کروانے تک معطل رہے گی۔

Sd/-

سیکرٹری الیکشن کمیشن

آزاد جموں وکشمیر

ترجمان (05822-921399)